احمدی احباب کی تعلیم و تربیت کے لئے

ہفتہ 9 جون 2001ء

روزنامہ

CPL 61

# الفضل

PH: 0092 4524 213029

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان

ہفتہ 9 جون 2001ء 16 ربیع الاول 1422 ہجری-9 احسان 1380 ہش جلد 51-86 نمبر 127

## حق کا منادی

حضرت علی رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ:-

آسمان سے ایک منادی آواز دے گا کہ حق آل محمدؐ کے پاس ہے-

(الحادی للفتاوی جلد 2 ص 140 از جلال الدین سیوطی تحقیق محمد محی الدین عبدالحمید)

# ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

جیسا کہ خدا نے بغیر توسط معمولی اسباب کے جسمانی ضرورتوں کے لئے حال کی نئی ایجادوں میں زمین کے عناصر اور زمین کی تمام چیزوں سے کام لیا ہے اور ریل گاڑیوں کو گھوڑوں سے بھی بہت زیادہ دوڑا کر دکھلایا ہے ایسا ہی اب وہ روحانی ضرورتوں کے لئے بغیر توسط انسانی ہاتھوں کے آسمان کے فرشتوں سے کام لے گا- بڑے بڑے آسمانی نشان ظاہر ہوں گے اور بہت سی چمکیں پیدا ہوں گی جن سے بہت سی آنکھیں کھل جائیں گی(-) اے حق کے بھوکو اور پیاسو! سن لو کہ یہ وہ دن ہیں جن کا ابتداء سے وعدہ تھا- خدا ان قصوں کو بہت لمبا نہیں کرے گا اور جس طرح تم دیکھتے ہو کہ جب ایک بلند مینار پر چراغ رکھا جائے تو دور دور تک اس کی روشنی پھیل جاتی ہے اور یا جب آسمان کے ایک طرف بجلی چمکتی ہے تو سب طرفیں ساتھ ہی روشن ہو جاتی ہیں ایسا ہی ان دنوں میں ہوگا کیونکہ خدا نے اپنی اس پیشگوئی کے پورا کرنے کے لئے کہ مسیح کی منادی بجلی کی طرح دنیا میں پھر جائے گی یا بلند مینار کے چراغ کی طرح دنیا کے چار گوشہ میں پھیلے گی- زمین پر ہر ایک سامان مہیا کر دیا اور ریل اور تار اور اگن بوٹ اور ڈاک کے احسن انتظاموں اور سیر و سیاحت کے سہل طریقوں کو کامل طور پر جاری فرما دیا ہے- سو یہ سب کچھ پیدا کیا گیا تا وہ بات پوری ہو کہ مسیح موعود کی دعوت بجلی کی طرح ہر ایک کنارہ کو روشن کرے گی اور مسیح کا منارہ جس کا حدیثوں میں ذکر ہے دراصل اس کی بھی یہی حقیقت ہے کہ مسیح کی ندا اور روشنی ایسی جلد دنیا میں پھیلے گی جیسے اونچے مینار پر سے آواز اور روشنی دور تک جاتی ہے- اس لئے ریل اور تار اور اگن بوٹ اور ڈاک اور تمام اسباب سہولت (دعوت الی اللہ) اور سہولت سفر مسیح کے زمانہ کی ایک خاص علامت ہے(-) سو شکر کرو کہ آسمان پر نور پھیلانے کے لئے تیاریاں ہیں- زمین میں زمینی برکات کا ایک جوش ہے یعنی سفر اور حضر میں اور ہر ایک بات میں وہ آرام تم دیکھ رہے ہو جو تمہارے باپ دادوں نے نہیں دیکھے- گویا دنیا نئی ہو گئی ہے- بے بہار کے میوے ایک ہی وقت میں مل سکتے ہیں- چھ مہینے کا سفر چند روز میں ہو سکتا ہے- ہزاروں کوسوں کی خبریں ایک ساعت میں آ سکتی ہیں ہر ایک کام کی سہولت کے لئے مشینیں اور کلیں موجود ہیں-(-) پس کیا زمین پر ایک انقلاب نہیں آیا؟ پس جبکہ زمین میں ایک اعجوبہ نما انقلاب پیدا ہو گیا اس لئے خدائے قادر چاہتا ہے کہ آسمان میں بھی ایک اعجوبہ نما انقلاب پیدا ہو جائے-

(مجموعہ اشتہارات جلد 3 ص 233)

## علوم کا دروازہ کھلنے کی رؤیا

حضور ایدہ اللہ نے 24 فروری 1995ء کو فرمایا-

دس تاریخ کا جو جمعہ تھا اس میں میں نے جماعت سے یہ ذکر کیا تھا کہ رسول اکرم ﷺ کی نصیحت کے مطابق میں بھی ہمیشہ طالب علم رہوں گا اور علم سیکھنے کے لئے میرے لئے کوئی عار نہیں ہے- آخری سانس تک علم سیکھنے کو اپنے لئے باعث افتخار سمجھوں گا- اور علم سکھانے میں بھی جو خدا توفیق دے گا کوشاں رہوں گا- اور ساری جماعت کو نصیحت کی تھی کہ آپ بھی ایسا کریں اور اس ضمن میں انسان انسان سے علم سیکھتا ہی ہے یہ تو رواج جاری ہے- میں بھی سیکھتا ہوں اس میں کسی قسم کے گھبرانے کی ضرورت نہیں- یہ اعزاز ہے کوئی تذلیل نہیں ہے- لیکن ساتھ ہی یہ بھی ذکر کیا تھا کہ لیکن اس کے علاوہ بھی ایک مضمون ہے وہ علوم جو خدا آسمان سے دل پر اتارتا ہے وہ آپ لوگوں سے سیکھے ہوئے نہیں ہیں- وہ اللہ دل پر نازل فرماتا ہے اور اس کی بے شمار مثالیں میرے ذہن میں ہیں کہ ایک خطبے کے لئے کھڑا ہوں بالکل خالی الذہن تھا' اور اللہ تعالیٰ نے مضمون یوں شروع کر دیا جیسے بارش ہو رہی ہو یا بعض جگہ جا کے کسی مضمون پر اٹکا ہوں تو اچانک جیسے چابی سے کوئی دروازہ کھول دیتا ہے اس طرح اللہ تعالیٰ نے وہ مضامین نازل فرمائے بسا اوقات رؤیا کے ذریعے خدا تعالیٰ بڑے بڑے دلچسپ اور لطیف مضامین کھولتا ہے جس کو پھر میں آگے چلا دیتا ہوں- تو یہ جو میں نے ذکر کیا تھا- اس کی دیکھیں کیسی عجیب غیبی تائید ہوئی کہ دو دن بعد اتوار اور پیر کی درمیانی رات کو میں نے تہجد کے لئے اٹھنے سے پہلے 'صرف بمشکل ایک منٹ' کی رؤیا دیکھی ہے اور وہ رؤیا علوم کا ایک دروازہ کھولنے والی رؤیا تھی- آناً فاناً بعث سے علوم روشن کئے گئے جو پہلے اس سے جہاں تک میں نے جائزہ لیا ہے بیان نہیں ہوئے اور اس تعلق میں بیان نہیں ہوئے جس تعلق میں اللہ تعالیٰ نے مجھے سمجھائے- اور رؤیا ایسی ہے جو عام حالات میں میرے تصور میں بھی نہیں آ سکتی کہ اس رؤیا کا کوئی دینی علوم سے اس طرح تعلق ہو گا میں ایسی بات سوچتا ہوں جو خواب میں آ گئی بڑی واضح کھلے پیغام پر مشتمل Crisp جس کو کہتے ہیں تازی چمکتی ہوئی رؤیا تھی تو اول سے آخر تک مضامین سے بھری ہوئی تھی اور جب

باقی صفحہ 7 پر

# 1982ء تا 2008ء

## یہ عظیم دور ہے جس میں حضرت مسیح موعود کی تاریخ دہرائی جارہی ہے

حضرت خلیفۃ المسیح الرابع ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے خطبہ جمعہ 11مارچ 1994ءمیں فرمایا:

ہم ہی ہیں وہ آخرین کے دور میں پیدا ہونے والے جنہوں نے حضرت مسیح موعود سے یہ برکتیں پائیں- ہم ہی ہیں (-) جن کو آخر میں ہونے کے باوجود اولین سے ملایا گیا تھا اور ہم وہ خوش نصیب ہیں جو سو سال کے بعد پیدا کئے گئے ہیں- اس زمانے میں پیدا کئے گئے ہیں جب مسیح موعود کی سوسالہ تاریخ اول سے آخر تک دہرائی جارہی ہے وہ ساری برکتیں اللہ تعالیٰ ہمیں عطا فرما رہا ہے-

میں نے اپنی خلافت کے بعد پہلے خطاب میں جماعت کو متوجہ کیا تھا کہ یاد رکھو یہ غیر معمولی دن ہیں جن میں ہم داخل ہوئے ہیں- بیاسی (1882ء) میں پہلا ماموریت کا الہام ہوا ہے حضرت مسیح موعود کو اور بیاسی (1982ء) ہی میں اللہ تعالیٰ نے مجھے قائم فرمایا- اس خلافت کے بعد سے وہ ساری تاریخ بیاسی سے لے کر آخر تک دہرائی جارہی ہے اور دہرائی جائے گی- وہ ساری برکتیں جو مسیح موعود کو اللہ تعالیٰ نے عطا کرنی شروع کی تھیں یہ اسی دور سے تعلق رکھتی ہیں- سب اس میں شریک ہیں، میں نہیں، آپ سب- وہ ساری جماعت جس کو خدا نے آغاز سے لے کر آخر تک کے لئے ان برکتوں کو دیکھنے کے لئے چن لیا ہے- اللہ بہتر جانتا ہے کہ ہم میں سے کتنے ہیں جو کتنی برکتیں دیکھیں گے- مگر دعا ہمیں یہی کرنی چاہئے کہ ہم میں سے بھاری تعداد ایسی ہو جو بیاسی (1982ء) سے لے کر آخر تک کم از کم 2008ء تک زندہ رہ کر اللہ کے فضلوں کے گواہ بنتے رہیں- اور یہ وہ مبارک عظیم دور ہے جس میں سے ہم گزر رہے ہیں اس کا شکر کا حق کیسے ادا ہو سکتا ہے- ناممکن ہے- یہ وہ جادو ہے جو میں کہہ رہا ہوں جس کے نشے میں ہم چل رہے ہیں اور یہی وہ جادو ہے جو حقیقت بن کر دنیا کی تقدیر بدلے گا- آپ پر اس جادو کا نشہ طاری ہے تو یاد رکھیں کہ پھر اس سے دنیا میں بھی تبدیلیاں پیدا ہوں گی- اس روح کے ساتھ آپ ترقی کی اس راہ پر آگے سے آگے بڑھتے چلے جائیں- دشمن تکلیفیں پہنچاتا ہے پہنچاتا رہے، فضلوں کی راہ نہیں روک سکتا، نہیں روک سکے گا- جو چاہے کرلے- لیکن آپ وفا کے ساتھ اس راہ پر قدم رکھتے رہیں، اس سے قدم ہٹائیں نہیں-

میں آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ ہر آنے والا دن ہمارے لئے اور برکتیں لے کر آئے گا- ہر آنے والا ہفتہ ہمارے لئے اور برکتیں لے کے آئے گا- ہر آنے والا مہینہ ہمارے لئے اور برکتیں آسمان سے انڈیلے گا- ہر آنے والا سال برکتوں کے ساتھ ہمارا خیر مقدم کرے گا- ہر جانے والا سال برکتیں چھوڑ کر ہمارے لئے جائے گا- یہ عظیم دور ہے جس میں سے ہم گزر رہے ہیں- پس خدا کے شکر کے گیت گاتے ہوئے اس کی حمد و ثنا کرتے ہوئے محمد مصطفیٰ ﷺ پر درود بھیجتے ہوئے آگے سے آگے بڑھتے چلے جاؤ، کوئی نہیں جو تمہاری راہ روک سکے-

(الفضل انٹرنیشنل 29- دسمبر 2000ء)

## کب آئیں گے سرکار

اللہ مددگار خدا حافظ و ناصر
اے سید و سردار خدا حافظ و ناصر

جانا ترا مرکز سے گراں ہم پہ ہے لیکن
ہر جا ہے تو درکار خدا حافظ و ناصر

اس چاند سے مکھڑے کے محبان خلافت
ہیں طالبِ دیدار خدا حافظ و ناصر

ہر گام پہ حاصل ہو فرشتوں کی حفاظت
اے صاحبِ رفتار خدا حافظ و ناصر

مخلوق کے آرام کی خاطر تو پریشاں
اے صاحبِ ایثار خدا حافظ و ناصر

ہو زیر و زبر تیری نگاہوں سے جہاں کا
سب عالمِ افکار خدا حافظ و ناصر

ہم قلب و نظر فرش کئے راہ تکیں گے
کب آئیں گے سرکار خدا حافظ و ناصر

ابرار تو ابرار تجھے دے ہے دعائیں
راجہ سا گنہگار خدا حافظ و ناصر

ڈاکٹر راجہ نذیر احمد ظفر

کچھ ایسا فضلِ حضرتِ ربّ الوریٰ ہوا
سب دشمنوں کے دیکھ کے اوساں ہوئے خطا

(درثمین)

پبلشر آغا سیف اللہ- پرنٹر قاضی منیر احمد- مطبع ضیاء الاسلام پریس- مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت تین روپے

# خدا کے فضلوں اور رحمتوں کا ایک اور سال 2000ء

## خلافت رابعہ کے دور میں جماعتی ترقیات اور خدمات کے نئے سنگ میل

مرتبہ: عبدالسمیع خان

### جنوری

2 جنوری: ربوہ میں ریلوے کراسنگ پر ٹرین اور ویگن کا خوفناک تصادم۔ خدام الاحمدیہ، ایمرجنسی سنٹر اور فضل عمر ہسپتال کی گرانقدر خدمات۔ 28 خدام نے خون کا عطیہ پیش کیا۔

6 جنوری: رمضان کے عالمی درس قرآن کے اختتام پر حضور نے عالمی اجتماعی دعا کروائی۔

7 جنوری: وقف جدید کے نئے سال کا اعلان۔ عالمی طور پر امریکہ اول رہا 100 ممالک شامل ہو چکے ہیں۔ کل وصولی 10 لاکھ 74 ہزار 500 پاؤنڈ ہوئی۔

8 جنوری: حضور نے عید الفطر کی نماز اسلام آباد لندن میں پڑھائی۔

9 جنوری: حضور نے جرمنی میں 100 بیوت الذکر سکیم کے تحت پہلی بیت الذکر (وٹلش) کا افتتاح فرمایا۔

14 تا 16 جنوری: جماعت گھانا کا 71 واں جلسہ سالانہ۔ حاضری 48 ہزار سے زائد رہی۔

16 جنوری: احمدی انجینئرز کا سالانہ کنونشن ربوہ میں منعقد ہوا۔

18 جنوری: فیصل آباد کے معروف احمدی سرجن ڈاکٹر شمس الحق طیب صاحب کو قربان کر دیا گیا۔

23 جنوری: کیرالہ بھارت میں ایک نئے احمدیہ مرکز کا افتتاح ہوا۔

28 تا 30 جنوری: مجلس خدام الاحمدیہ جرمنی کی آٹھویں تربیتی کلاس منعقد ہوئی کل خدام 123 اور اطفال 23۔

30 جنوری: احمدیہ سیکنڈری سکول کماسی گھانا کی گولڈن جوبلی تقریبات کا آغاز ہوا۔

### فروری

4 فروری: حضور نے جماعت کو زبان پاک کرنے کی مہم چلانے کا ارشاد فرمایا۔

4 فروری: بوبورین گنی بساؤ میں بیت الذکر کا افتتاح ہوا۔

4 تا 6 فروری: مجلس خدام الاحمدیہ گیمبیا کا 16 واں سالانہ اجتماع۔ 750 خدام کی شرکت۔

5 تا 13 فروری: دہلی کے عالمی بک فیئر میں جماعت احمدیہ نے سٹال لگایا۔

6 تا 9 فروری: مجلس نابینا ربوہ کی علمی و ورزشی ریلی منعقد ہوئی۔ کل 100 حاضری تھی جس میں 65 غیر از جماعت تھے۔

10 فروری: وقف نو لینگویج انسٹی ٹیوٹ کا پہلا جلسہ تقسیم اسناد منعقد ہوا۔ 240 طلبہ زیر تعلیم ہیں۔ اس ادارہ کا آغاز 22 مارچ 98ء سے ہوا تھا۔ 6 زبانوں میں تعلیم جاری ہے۔

15 تا 21 فروری: جماعت گنی بساؤ کا سات روزہ تربیتی سیمینار برائے نومبایعین منعقد ہوا۔ 500 سے زائد افراد کی شرکت۔

18 تا 20 فروری: خدام الاحمدیہ پاکستان کی دسویں سالانہ کھیلیں منعقد ہوئیں۔ 607 کھلاڑیوں نے حصہ لیا۔

19 تا 25 فروری: جماعت کمبوڈیا کی تربیتی کلاس۔

25 تا 27 فروری: مجلس انصار اللہ پاکستان کے تحت دوسرا آل پاکستان بیڈمنٹن ٹورنامنٹ منعقد ہوا۔ 44 انصار نے شرکت کی۔

26 فروری: جماعت ایبی جان آئیوری کوسٹ کا بیسواں جلسہ سالانہ۔ 146 جماعتوں کے 523 افراد کی شرکت۔

27 فروری: احمدیہ کمپیوٹر پروفیشنلز کا چوتھا سالانہ کنونشن منعقد ہوا۔ کل 150 حاضری رہی۔

فروری: حضور ایدہ اللہ کی کتاب ورزش کے زینے جو حضور نے خلافت سے قبل 1965 میں بطور مہتمم صحت جسمانی تحریر فرمائی تھی اس کا دوسرا ایڈیشن خدام الاحمدیہ پاکستان نے شائع کیا۔

### مارچ

4 مارچ: خطبہ الہامیہ کے 100 سال (11 اپریل 1900) مکمل ہونے پر حضور نے اسی حوالہ سے خطبہ جمعہ ارشاد فرمایا۔

17 مارچ: حضور نے اسلام آباد لندن میں عید الاضحیہ کا خطبہ ارشاد فرمایا۔

19 مارچ: حضور کی طرف سے عید الاضحیہ کے موقع پر دار الضیافت میں ایک وسیع ضیافت دی گئی۔

21 تا 23 مارچ: خدام الاحمدیہ قادیان نے آنکھوں کا فری میڈیکل کیمپ لگایا۔

21 تا 26 مارچ: سیرالیون کے پہلے احمدیہ سیکنڈری سکول بو کی چالیس سالہ تقریبات۔

23 مارچ: مجلس انصار اللہ ربوہ کی آٹھویں سالانہ کھیلوں کا انعقاد۔

24 مارچ: کنٹو بوایل گنی بساؤ میں نئی بیت الذکر کا افتتاح۔

24 تا 26 مارچ: جماعت احمدیہ پاکستان کی 81 ویں مجلس مشاورت منعقد ہوئی۔

25 تا 26 مارچ: جماعت احمدیہ برازیل کا ساتواں جلسہ سالانہ۔

مارچ: ماہنامہ انصار اللہ نے حضرت صاحبزادہ مرزا منصور احمد صاحب پر خاص نمبر شائع کیا۔

خدام الاحمدیہ پاکستان نے طاہر ہومیو پیتھک کلینک اینڈ ریسرچ انسٹی ٹیوٹ قائم کیا۔

### اپریل

5 تا 12 اپریل: ناصرات الاحمدیہ فرانس کا باقاعدہ نظام کے تحت پہلا سفر لندن۔

7۔اپریل: غانا میں ایک دو منزلہ شاندار بیت الذکر کا افتتاح ہوا۔

9۔اپریل: غانا میں ایک نئے مشن ہاؤس اور بیت الذکر کا افتتاح ہوا۔

14 تا 18 اپریل: مجلس خدام الاحمدیہ بلجیئم کی تربیتی کلاس۔

15۔اپریل: لدھیانہ بھارت میں مولانا عبدالرحیم صاحب کو قربان کر دیا گیا۔

21 تا 23 اپریل: جلسہ سالانہ جماعت احمدیہ ہالینڈ۔ حضور انور کی شرکت۔ اختتامی خطاب میں حضور نے ایک بڑی بیت الذکر کی تعمیر کی تحریک فرمائی۔ مجموعی حاضری 1160 تھی۔

21 تا 23 اپریل: جماعت احمدیہ کینیا کا 23 واں جلسہ سالانہ۔ 175 جماعتوں سے 1100 افراد کی شرکت۔

22 تا 24 اپریل: جماعت آسٹریلیا کا 16 واں جلسہ سالانہ۔ حاضری 600۔

24 اپریل: جماعت جرمنی نے دروازہ کھلا رکھنے کا دن منایا یعنی جرمنی بھر کی بیوت الذکر اور مراکز عام لوگوں کے لئے پورا دن کھلے رہے۔

28 اپریل: غانا میں دو بیوت الذکر کا افتتاح۔

28 اپریل تا 5 مئی: تنزانیہ میں نومبایعین کی دوسری سالانہ تربیتی کلاس 45 جماعتوں کے 250 نمائندگان کی شرکت۔

29 اپریل: تنزانیہ میں دوسرا ایک روزہ انٹرنیشنل تربیتی سیمینار منعقد ہوا۔

29 اپریل: غانا میں دعوت الی اللہ سنٹر کا افتتاح۔

### مئی

یکم تا 15 مئی: خدام الاحمدیہ پاکستان کی 44 ویں سالانہ تربیتی کلاس۔

5 تا 7 مئی: اطفال الاحمدیہ جرمنی کی پہلی سپورٹس ریلی۔

5 تا 13 مئی: جماعت کمبوڈیا کی دوسری تربیتی کلاس۔

20، 21 مئی: مجلس انصار اللہ جرمنی کا بیسواں سالانہ اجتماع۔

24 مئی: ریپبلک آف آئس لینڈ میں احمدیت کی

اشاعت کے لئے لندن سے وفد روانہ ہوا۔

26 تا 28 مئی: جماعت جرمنی کی 19 ویں مجلس شوریٰ۔

26 تا 28 مئی: خدام الاحمدیہ فرانس کا 13 واں سالانہ اجتماع۔

## جون

2، 3 جون: جماعت احمدیہ برطانیہ کی 21 ویں مجلس مشاورت۔

2 تا 4 جون: جلسہ سالانہ بلجیئم۔ حضور کے خطابات۔

3 جون: فیرو آئی لینڈ میں جماعت احمدیہ کی باقاعدہ دعوت الی اللہ کے لئے لندن سے وفد روانہ ہوا۔

5 جون: جرمنی میں "سو بیوت الذکر سکیم" کے تحت حضور نے بیت الذکر کا افتتاح فرمایا۔

8 جون: چوہدری عبداللطیف صاحب اٹھوال کو چک بہوڑو شیخوپورہ میں قربان کر دیا گیا۔

15 تا 18 جون: جرمنی کے عالمی کتب میلہ میں جماعت احمدیہ کا سٹال لگایا گیا۔

16 تا 18 جون: لجنہ جرمنی کا 24 واں سالانہ اجتماع۔

17، 18 جون: سری لنکا کا سالانہ جلسہ کل حاضری 748۔

18 جون: لجنہ اماء اللہ کینیڈا نے مینا بازار لگایا جس کی آمد 1,12,381 ڈالر بیت الذکر فنڈ میں دے دیئے گئے۔

19 جون تا 11 جولائی: حضور ایدہ اللہ کا دورہ انڈونیشیا۔

23 تا 25 جون: تنزانیہ میں نو مبائعین کا تربیتی جلسہ۔ حاضری 2940 تھی۔ 1700 افراد بیعت کر کے سلسلہ میں شامل ہوئے۔

جون: سندھ بلوچستان اور آزاد کشمیر میں خشک سالی کے شکار متاثرین کے لئے جماعت کی مالی اور طبی خدمات۔

30 جون تا 2 جولائی: جلسہ سالانہ انڈونیشیا۔ حضور کے خطابات۔ 16 ہزار 707 افراد کی شرکت۔

30 جون تا 2 جولائی: 24 واں جلسہ جماعت احمدیہ کینیڈا۔

## جولائی

یکم جولائی: فضل عمر ہسپتال میں ادویات کا سٹور 24 گھنٹے کھلا رہنا شروع ہو گیا۔

یکم تا 10 جولائی: تنزانیہ کے عالمی تجارتی میلہ سبع سبع میں جماعت کی شرکت۔

7 جولائی: لائبیریا میں بیت المجیب کا افتتاح۔

8، 9 جولائی: جماعت روڈ رگ کا آٹھواں جلسہ سالانہ۔

14 - جولائی: کیپ ماؤنٹ کاؤنٹی لائبیریا میں نئی احمدیہ بیت الذکر کا افتتاح ہوا۔

23 جولائی: مجلس خدام الاحمدیہ روڈرگ کا پہلا سالانہ اجتماع۔

27 جولائی: برطانیہ میں 13 واں انٹرنیشنل دعوت الی اللہ سیمینار۔

28 تا 30 جولائی: جلسہ سالانہ برطانیہ حضور کے خطابات۔

29 جولائی: جلسہ سالانہ کے دوسرے دن حضور نے فرمایا کہ احمدیت 170 ممالک میں قائم ہو چکی ہے۔ اور 53 زبانوں میں قرآن کریم کے تراجم شائع ہو چکے ہیں۔

30 جولائی: آٹھویں عالمی بیعت ۔ 4 کروڑ افراد احمدیت میں داخل ہوئے۔

اختتامی خطاب میں حضور نے رجسٹر روایات رفقاء سے حضرت مسیح موعود کی سیرت بیان فرمائی۔

31 جولائی: انٹرنیشنل مجلس شوریٰ لندن کا انعقاد۔

## اگست

11، 12 اگست: ڈوئی کے شہر زائن امریکہ میں جماعت کی بین الاقوامی کانفرنس ڈوئی کی ہلاکت کے نشان کے سلسلہ میں منعقد ہوئی۔

11 تا 13 اگست: جماعت ماریشس کا جلسہ سالانہ۔

14 تا 16 اگست: خدام الاحمدیہ پاکستان کی چھٹی سالانہ صنعتی نمائش۔

25 تا 27 اگست: جلسہ سالانہ جرمنی۔ حضور کے خطابات۔

25 تا 27 اگست: اطفال الاحمدیہ پاکستان کے تحت ساتویں علمی مقابلہ جات منعقد ہوئے۔ 370 اطفال اور 66 واقفین نو کی شرکت۔

31 اگست: حضور نے جرمنی کی ایک بیت الذکر کا افتتاح کیا اور دوسری کا سنگ بنیاد رکھا۔

## ستمبر

2 ستمبر: برطانیہ میں مدرسہ حفظ القرآن کا قیام۔

2، 3 ستمبر: لجنہ فرانس کا 14 واں سالانہ اجتماع۔

2، 3 ستمبر: جرمنی میں سالانہ میلہ اقوام کے سلسلہ میں مثالی وقار عمل۔ انعامی رقم بیت الذکر کے لئے پیش کر دی گئی۔

8 تا 10 ستمبر: خدام الاحمدیہ برطانیہ کا 28 واں سالانہ اجتماع۔

9، 10 ستمبر: خدام الاحمدیہ آسٹریلیا کا 17 واں سالانہ اجتماع۔

9، 10 ستمبر: انصار اللہ سوئٹزرلینڈ کا 9 واں سالانہ اجتماع۔

9، 10 ستمبر: مجلس انصار اللہ بلجیئم کا 5 واں سالانہ اجتماع۔

9 تا 11 ستمبر: خدام الاحمدیہ پاکستان کے تحت ساتویں سالانہ علمی مقابلہ جات منعقد ہوئے۔ 122 مجالس کے 238 خدام نے شرکت کی۔

22 تا 24 ستمبر: تنزانیہ کا 32 واں جلسہ سالانہ۔

23 ستمبر: بوسنیا کا دوسرا جلسہ سالانہ۔

23، 24 ستمبر: مجلس انصار اللہ بھارت کا 23 واں سالانہ اجتماع۔

24۔ ستمبر: واقفین نو بلجیئم کا پہلا سالانہ اجتماع۔

25 ستمبر: عہدیداران جماعت احمدیہ تنزانیہ کا نیشنل ریفریشر کورس۔

25 تا 27 ستمبر: مجلس خدام الاحمدیہ و اطفال الاحمدیہ بھارت کے سالانہ اجتماعات۔ کل حاضری 2500۔

27 ستمبر: نصرت جہاں اکیڈمی ربوہ کے ہال کی افتتاحی تقریب۔

29 ستمبر تا یکم اکتوبر: اطفال الاحمدیہ پاکستان کے پانچویں سالانہ ورزشی مقابلے۔ 354 اطفال اور 90 زائرین کی شرکت۔

ستمبر: دارالرحمت غربی میں صدر انجمن احمدیہ کی ملکیتی مارکیٹ کا نام حضور نے مبشر مارکیٹ رکھا۔ جو مولانا نذیر احمد صاحب مبشر کی خدمات کے اعتراف میں تھا۔

ستمبر: ماہنامہ تشحیذ الاذہان نے ایجادات نمبر شائع کیا۔

## اکتوبر

3 اکتوبر: جماعت جرمنی کا یوم بیوت الذکر۔

8 اکتوبر: نوالیوو فجی کا جلسہ سالانہ۔

14، 15 اکتوبر: مجلس خدام الاحمدیہ جرمنی کی 11 ویں مجلس شوریٰ۔ 470 حاضری۔

15 اکتوبر: احمدی کمپیوٹر پروفیشنلز کے تحت کمپیوٹر اور سافٹ ویئر کی نمائش ایوان محمود میں منعقد ہوئی۔

18 تا 23 اکتوبر: فرینکفرٹ کے بین الاقوامی میلہ کتب میں جماعت کی شرکت۔

22 اکتوبر: خدام الاحمدیہ بلجیئم کے زیر اہتمام بین المذاہب کانفرنس۔

24 اکتوبر: بیت احمدیہ ساغبتینگا بورکینا فاسو کا سنگ بنیاد۔

27 تا 29 اکتوبر: فرانس کا 9 واں جلسہ سالانہ۔

27 اکتوبر تا 5 نومبر: بورکینا فاسو کے انٹرنیشنل میلہ میں جماعت کے سٹالز لگائے گئے۔

28 اکتوبر: پہلے آل ربوہ خدام بمقابلہ انصار ورزشی مقابلہ جات۔

30 اکتوبر: گھٹیالیاں کی احمدیہ بیت الذکر پر فائرنگ کر کے 5 احمدیوں کو قربان کر دیا گیا۔

31 اکتوبر: مجلس خدام الاحمدیہ مقامی کی سالانہ تقریب تقسیم انعامات۔

اکتوبر: سعودی عرب سے سہ ماہی الضحیٰ کا اجرا۔

اکتوبر تا دسمبر 2000 پہلا شمارہ شائع ہوا۔

## نومبر

4، 5 نومبر: مجلس انصار اللہ جرمنی کی 11 ویں مجلس شوریٰ۔

4، 5 نومبر: خدام الاحمدیہ پاکستان کی مجلس شوریٰ۔

5 نومبر: خدام الاحمدیہ پاکستان کے تحت آئی بنک کی افتتاحی تقریب۔

10 نومبر: تخت ہزارہ میں 5 احمدیوں کو قربان کر دیا گیا۔ بیت الذکر کو آگ لگا دی گئی۔

10 تا 18 نومبر: لجنہ کینیا کی تربیتی کلاس۔

15 نومبر: بلجیئم میں مشن ہاؤس اور دار دعوت الی اللہ عزیز کا افتتاح ہوا۔

15 تا 23 نومبر: گنی بساؤ میں سات روزہ تربیتی و دعوتی سیمینار۔ حاضری 180۔

16 تا 18 نومبر: قادیان میں جماعت احمدیہ کا 109 واں جلسہ سالانہ 35 ہزار سے زائد افراد کی شرکت۔ جن میں 23 ہزار سے زائد نو مبائعین تھے۔

17 تا 19 نومبر: مجلس انصار اللہ امریکہ کی آٹھویں مجلس شوریٰ اور 17 واں سالانہ اجتماع۔

17 تا 19 نومبر: جماعت نائیجیریا کا 51 واں جلسہ سالانہ۔ 17 ہزار سے زائد حاضری۔

27 نومبر تا 10 دسمبر: ڈاکار (سینیگال) کے عالمی تجارتی میلہ میں احمدیہ بکسٹال۔

## دسمبر

8 دسمبر: بیماری کی وجہ سے دو ماہ کے وقفہ کے بعد حضور خطبہ جمعہ کے لئے تشریف لائے تحریک جدید کے نئے سال کا اعلان 110 ممالک سے 19,74,600 پاؤنڈ کی وصولی۔

15 دسمبر: ایک رؤیا کی بناء پر حضور نے رشتہ ناطہ اور بے روزگاری پر خصوصی توجہ دینے کا اعلان فرمایا۔

29 دسمبر: حضور نے اس صدی اور ملینیم کا آخری

باقی صفحہ 5 پر

# ☆ ایک عالی شان انقلاب کی تمہید ☆

## قرآن وحدیث کے عالمی درس کی حیران کن پیشگوئی

## خلافت احمدیہ کی دوربین نگاہ اور اس کی آسمانی تائید

7- جنوری 1938ء کو قادیان کی بیت اقصیٰ میں پہلی دفعہ لاؤڈ سپیکر لگا- اس دن حضرت مصلح موعود نے خطبہ جمعہ میں فرمایا-

"اس خدا کا بے انتہا شکر ہے جس نے ہر زمانہ کے مطابق اپنے بندوں کے لئے سامان بہم پہنچائے ہیں- کبھی وہ زمانہ تھا کہ لوگوں کے لئے ایک جگہ سے دوسری جگہ تک چل کر جانا بہت مشکل ہوا کرتا تھا- اور اس وجہ سے بہت بڑے اجتماع ہونے ناممکن تھے لیکن آج ریلوں- موٹروں- لاریوں- بسوں- ہوائی جہازوں اور عام بحری جہازوں کی ایجاد اور افراط کی وجہ سے ساری دنیا کے لوگ بسہولت کثیر تعداد میں قلیل عرصہ میں ایک مقام پر جمع ہو سکتے ہیں............ پس خدا نے جہاں اجتماع کے ذرائع بہم پہنچائے- وہاں لوگوں تک آواز پہنچانے کا ذریعہ بھی اس نے ایجاد کروا دیا اور ہزاروں ہزار اور لاکھوں لاکھ شکر ہے اس پروردگار کا جس نے اس چھوٹی سی بستی میں جس کا چند سال پہلے کوئی نام بھی نہیں جانتا تھا اپنے مامور کو مبعوث فرما کر اپنے وعدوں کے مطابق اس کو ہر قسم کی سہولتوں سے متمتع فرمایا- یہاں تک کہ اب ہم اپنی اس بیت الذکر میں بھی وہ آلات دیکھتے ہیں............ آج اس آلہ کی وجہ سے اگر اس سے صحیح طور پر فائدہ اٹھایا جائے تو ایک ہی وقت میں لاکھوں آدمیوں تک بسہولت آواز پہنچائی جا سکتی ہے- اور ابھی تو ابتداء ہے- اللہ ہی بہتر جانتا ہے کہ اس آلہ کی ترقی کہاں تک ہوگی- بالکل ممکن ہے اس کو زیادہ وسعت دے کر ایسے ذرائع سے جو آج ہمارے علم میں بھی نہیں میلوں میل یا سینکڑوں میل تک آوازیں پہنچائی جا سکیں............ پس اب وہ دن دور نہیں کہ ایک شخص اپنی جگہ پر بیٹھا ہوا ساری دنیا میں درس تدریس پر قادر ہو سکے گا............

جس رنگ میں اللہ تعالیٰ ہمیں ترقی دے رہا ہے اور جس سرعت سے ترقی دے رہا ہے اس کو دیکھتے ہوئے سمجھنا چاہئے کہ اللہ تعالیٰ کے فضل سے قریب زمانہ میں ہی یہ تمام دقتیں دور ہو جائیں گی- تو بالکل ممکن ہے کہ قادیان میں قرآن اور حدیث کا درس دیا جا رہا ہو اور جاوا کے لوگ اور امریکہ کے لوگ اور انگلستان کے لوگ اور فرانس کے لوگ اور جرمنی کے لوگ اور آسٹریا کے لوگ اور ہنگری کے لوگ اور عرب کے لوگ اور مصر کے لوگ اور ایران کے لوگ اور اسی طرح اور تمام ممالک کے لوگ اپنی اپنی جگہ وائرلیس کے سیٹ لئے ہوئے وہ درس سن رہے ہوں- یہ نظارہ کیا ہی شاندار نظارہ ہوگا- اور کتنے ہی عالی شان انقلاب کی یہ تمہید ہوگی کہ جس کا تصور کر کے بھی آج ہمارے دل مسرت و انبساط سے لبریز ہو جاتے ہیں-"

(روزنامہ الفضل 13 جنوری 1938ء)

# خلافت احمدیہ کی طاقت کا راز

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الرابع ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز فرماتے ہیں

(دین) میں قیادت اور سرداری کا تصور دنیا کی دوسری قوموں کے قیادت اور سرداری کے تصور سے بالکل مختلف ہے- محض قوموں کی سرداری عطا ہو جانا کوئی حقیقت نہیں رکھتا اگر فاسق' بدکاروں' بے عمل لوگوں کی سرداری نصیب ہو تو وہ سرداری بجائے فخر کے ایک لعنت بن جاتی ہے- چنانچہ فرعون کو جس قوم کی سرداری نصیب ہوئی' وہ اس کے لئے بھی لعنت تھی اور قوم کے لئے وہ سرداری لعنت بن گئی- پس اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ سرداری کو اہمیت محض تقویٰ کے اوپر ہے- اگر متقی لوگ تمہارے پیچھے ہوں گے' اگر متقی لوگ تمہارے پیرو کار بنیں گے تو اس سرداری کو قابل توجہ قابل فخر - قابل فخر تو نہیں کہہ سکتے مگر اس لائق ہے کہ اللہ کے حضور دعائیں کر کے ایسی سرداری حاصل کی جائے جس کی دنیا و آخرت میں اللہ کی نظر میں کوئی قیمت ہے- اس کے سوا سیادت اور قیادت کے کوئی بھی معنے نہیں-

پس اس نقطۂ نگاہ سے جب ہم غور کرتے ہیں تو خلافت احمدیہ کی طاقت کا راز دو باتوں میں نظر آتا ہے- ایک خلیفہ وقت کے اپنے تقویٰ میں اور ایک جماعت احمدیہ کے مجموعی تقویٰ میں- جماعت کا جتنا تقویٰ من حیث الجماعت بڑھے گا احمدیت میں اتنی ہی زیادہ عظمت اور قوت پیدا ہوگی- خلیفۂ وقت کا ذاتی تقویٰ جتنا ترقی کرے گا اتنی ہی اچھی سیادت اور قیادت جماعت کو نصیب ہوگی- یہ دونوں چیزیں بیک وقت ایک ہی شکل میں ایک دوسرے کے ساتھ ہم آہنگ ہو کر ترقی کرتی ہیں-

پس ہماری دعا ہونی چاہئے' آپ کی میرے لئے اور میری آپ کے لئے' آپ اپنے رب کے حضور گریہ وزاری کرتے ہوئے ہمیشہ یہ دعا کرتے رہیں کہ اللہ تعالیٰ مجھے تقویٰ نصیب فرمائے- ایسا تقویٰ جو اس کی نظر میں قبولیت اور اس کی درگاہ میں مقبولیت کے قابل ہو اور میری ہمیشہ یہ دعا رہے گی کہ مجھے بھی اور آپ کو بھی اللہ تعالیٰ تقویٰ عطا فرمائے کیونکہ بحیثیت آپ کے امام کے اور بحیثیت خلیفۃ المسیح کے مجھے جتنی زیادہ متقیوں کی جماعت نصیب ہوگی اتنی ہی زیادہ ہم دین کی عظیم الشان خدمت کر سکیں گے- احمدیت کو اتنی ہی زیادہ قوت نصیب ہوگی اتنی ہی زیادہ احمدیت کو عظمت نصیب ہوگی- محض اعداد کی کوئی بھی حقیقت نہیں ہے- روحانی دنیا میں اعداد کے ساتھ فضیلتیں نہیں ناپی جاتیں-

(الفضل 5 جولائی 1982ء)

☆☆☆☆

بقیہ صفحہ 4

خطبہ جمعہ ارشاد فرمایا جس میں انیسویں صدی کے آخری جمعہ 28 دسمبر 1900 کے روز حضرت مسیح موعود کے بیان فرمودہ ارشادات پڑھ کر سنائے-

30 دسمبر: روزنامہ الفضل نے سالانہ نمبر توحید باری تعالیٰ کے موضوع پر شائع کیا-

دسمبر: غانا کے انتخابات کا غیر جانبدارانہ مشاہدہ کرنے کے لئے ملک کے غیر سیاسی حلقوں میں سے 1500 افراد کا انتخاب کیا گیا جن میں سے 300 جماعت احمدیہ سے تعلق رکھتے تھے-

☆☆☆☆☆☆☆

# وصایا

## ضروری نوٹ

مندرجہ ذیل وصایا مجلس کارپرداز کی منظوری سے قبل اس لئے شائع کی جارہی ہیں کہ اگر کسی شخص کو ان وصایا میں سے کسی کے متعلق کسی جہت سے کوئی اعتراض ہو تو **دفتر بہشتی** مقبرہ کو پندرہ یوم کے اندر اندر تحریری طور پر ضروری تفصیل سے آگاہ فرمائیں۔

سیکرٹری مجلس کارپرداز۔ ربوہ

**مسل نمبر 33420** میں شازیہ نورین زوجہ محمد طاہر ندیم مربی سلسلہ قوم بھٹی پیشہ خانہ داری عمر 26 بیعت پیدائشی احمدی ساکن دارالفتوح ربوہ بقائمی ہوش و حواس بلاجبرواکراہ آج بتاریخ 2001-4-25 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہو گی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کردی گئی ہے۔ 1۔ حق مہر بذمہ خاوند محترم 15000 روپے۔ 2۔ زیورات طلائی وزنی گیارہ تولہ مالیتی 66000 روپے۔ کل جائیداد 81000 روپے۔ اس وقت مجھے مبلغ 300 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہو گی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جائے۔ الامتہ شازیہ نورین 38/9 دارالفتوح ربوہ گواہ شد نمبر1 محمد طاہر ندیم مربی سلسلہ خاوند موصیہ وصیت نمبر 26825 گواہ شد نمبر2 عزیز الرحمٰن خالد مربی سلسلہ وصیت نمبر 17549

**مسل نمبر 33421** میں موسیٰ احمد خان ولد عبدالستار خان قوم پٹھان پیشہ طالب علمی عمر ساڑھے پندرہ سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن کوارٹر تحریک جدید دارالنصر غربی ب ربوہ بقائمی ہوش و حواس بلا جبر و اکراہ آج بتاریخ 01-4-20 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہو گی۔ اس وقت میری جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کوئی نہیں ہے اس وقت مجھے مبلغ 50 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہو گی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جائے۔ العبد موسیٰ احمد خان کوارٹر تحریک جدید عقب جدید پریس دارالنصر غربی ربوہ گواہ شد نمبر1 عبدالستار خان والد موصی وصیت نمبر 19374 گواہ شد نمبر 2 ظفر اقبال 34/1 دارالنصر غربی ب ربوہ

**مسل نمبر 33422** میں راضیہ نصیب زوجہ نصیب احمد بٹ قوم کشمیری پیشہ خانہ داری عمر 26 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن دارالعلوم غربی حلقہ صادق ربوہ بقائمی ہوش و حواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 2000-12-20 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہو گی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کردی گئی ہے۔ 1۔ حق مہر بذمہ خاوند محترم 20000 روپے۔ 2۔ زیورات طلائی وزنی 41 گرام 530 ملی گرام مالیتی 19726 روپے۔ 3۔ ایک عدد انگوٹھی وزن 2 گرام 510 ملی گرام مالیتی 1190 روپے اس وقت مجھے مبلغ 500 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہو گی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جائے۔ الامتہ راضیہ نصیب 20/4 دارالعلوم غربی حلقہ صادق ربوہ گواہ شد نمبر1 نصیب احمد بٹ خاوند موصیہ گواہ شد نمبر2 داؤد احمد حنیف وصیت نمبر 18846

**مسل نمبر 33423** میں اکرام اللہ شاکر ولد رائے محمد شیر جوئیہ صاحب قوم جوئیہ پیشہ مربی سلسلہ عمر 30 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن چک نمبر 152 شمالی ضلع سرگودھا بقائمی ہوش و حواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 2001-9-29 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہو گی۔ اس وقت میری جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کوئی نہیں ہے اس وقت مجھے مبلغ 3284 روپے ماہوار بصورت گزارہ الاؤنس مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہو گی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جائے۔ العبد اکرام اللہ شاکر مربی سلسلہ چک نمبر 152 شمالی P.O خاص ضلع سرگودھا گواہ شد نمبر1 مبشر احمد کاہلوں ایڈیشنل ناظر اصلاح وارشاد ربوہ گواہ شد نمبر 2 محمد ادریس شاہد 20/11 دارالیمن شرقی ربوہ

**مسل نمبر 33424** میں غلام رسول ولد احمد دین صاحب قوم جٹ پیشہ زمیندارہ عمر 76 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن چک 99 شمالی ضلع سرگودھا بقائمی ہوش و حواس بلاجبرواکراہ آج بتاریخ 2001-2-16 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہو گی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کردی گئی ہے۔ 1۔ زرعی زمین برقبہ آٹھ کلے باغ واقع چک نمبر 99 شمالی ضلع سرگودھا مالیتی 2400000 روپے اور رہائشی مکان برقبہ ایک کنال واقع چک 99 شمالی ضلع سرگودھا مالیتی 250000 روپے۔ کل جائیداد مالیتی 2650000 روپے اس وقت مجھے مبلغ 1,50,000 روپے سالانہ آمد از جائیداد بالا ہے۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہو گی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میں اقرار کرتا ہوں کہ اپنی جائیداد کی آمد پر حصہ آمد بشرح چندہ عام تازیست حسب قواعد صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ کو ادا کرتا رہوں گا میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جائے۔ العبد غلام رسول چک نمبر 99 شمالی P.O خاص ضلع سرگودھا گواہ شد نمبر1 شیخ منور احمد وصیت نمبر 31009۔ گواہ شد نمبر2 مختار احمد وصیت نمبر 17441

**مسل نمبر 33425** میں اسلم منصور ولد مکرم چوہدری اسحاق منصور صاحب قوم جٹ پیشہ ملازمت عمر 44 سال پیدائشی احمدی ساکن اشرفیہ پارک فیروزپور روڈ لاہور بقائمی ہوش و حواس بلاجبرواکراہ آج بتاریخ 2001-4-5 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہو گی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کردی گئی ہے۔ صرف سیونگ سرٹیفکیٹ مالیتی 4,90,000 روپے۔ جس پر سالانہ منافع 53900 روپے۔ اس وقت مجھے مبلغ 8745 روپے ماہوار بصورت ملازمت اور مبلغ 53900 روپے سالانہ آمد بصورت منافع ہے۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہو گی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جائے۔ العبد اسلم منصور ساکن منصور ہاؤس 2۔ اشرفیہ پارک فیروزپور روڈ لاہور۔ گواہ شد نمبر1 چوہدری اسحاق منصور والد موصی وصیت نمبر 29057 گواہ شد نمبر 2 لقمان منصور پسر موصی مسل نمبر 33427

**مسل نمبر 33426** میں عابدہ اسلم منصور زوجہ اسلم منصور صاحب قوم جٹ کاہلوں پیشہ خانہ داری عمر 43 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن 2۔ اشرفیہ پارک فیروز پور روڈ لاہور بقائمی ہوش و حواس بلا جبرواکراہ آج بتاریخ 2001-4-5 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کردی گئی ہے۔ 1۔ حق مہر بذمہ خاوند محترم 10000 روپے اور زیورات طلائی 20 تولہ مالیتی 100000 روپے۔ اس وقت مجھے مبلغ 200 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہو گی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جائے۔ الامتہ عابدہ اسلم منصور 2۔ اشرفیہ پارک فیروزپور روڈ لاہور گواہ شد نمبر1 اسلم منصور خاوند موصیہ مسل نمبر 33425 گواہ شد نمبر 2 اسحاق منصور وصیت نمبر 29057 سسر موصیہ

**مسل نمبر 33427** میں لقمان منصور ولد مکرم اسلم منصور صاحب قوم جٹ کاہلوں پیشہ طالب علمی عمر 17 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن اشرفیہ پارک لاہور بقائمی ہوش و حواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 2001-4-5 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہو گی۔ اس وقت میری جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کوئی نہیں ہے اس وقت مجھے مبلغ 500 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہو گی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جائے۔ العبد لقمان

میں 8 جون 2001ء کی اشاعت میں شامل کیا ہے۔

**بجٹ میں عوام کو ریلیف دیں گے** چیف ایگزیکٹو نے کہا ہے کہ ملک ڈیفالٹ سے بچ گیا ہے اور حکومت بجٹ میں عوام کو ریلیف دے گی۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کا استحکام اور بقاء مضبوط معیشت میں مضمر ہے اور حکومت ملک کے اقتصادی حالات بہتر کرنے میں کامیاب ہوگئی ہے اور ہم نے معاشی مسائل پر قابو پانے کے لئے مربوط حکمت عملی اپنائی ہے۔

## 130۔امیدواروں کے کاغذات مسترد

آزاد کشمیر قانون ساز اسمبلی کے انتخابات کے سلسلے میں قوم پرست جماعتوں کے 130 امیدواروں کے کاغذات نامزدگی مسترد کر دیئے گئے ہیں۔ قوم پرست جماعتوں کی طرف سے مظاہرے کے دوران پولیس سے جھڑپوں میں کئی افراد زخمی ہوگئے۔

**اسامہ کے ٹھکانوں پر کڑی نگاہ** امریکہ نے اسامہ بن لادن کی سرگرمیوں پر کڑی نگاہ رکھنے کا ایک مرتبہ پھر اعلان کیا ہے جبکہ اسلامی ممالک کو اسامہ کے خلاف اکسانے کے لئے نئی پراپیگنڈہ مہم کا آغاز کر دیا ہے جس کے تحت کہا گیا ہے کہ اسامہ کی تنظیم القاعدہ کی سرگرمیوں کا ہدف پچاس کے قریب اسلامی ممالک ہیں۔

## 15 جون سے کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ کا اجراء

ڈائریکٹر جنرل نادرا نے کہا ہے کہ کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ کا اجراء 15 جون سے شروع کیا جا رہا ہے جو 31 دسمبر 2001ء تک مکمل کر لیا جائے گا۔ جبکہ موبائل ٹیمیں 31۔اگست تک اپنا کام مکمل کر لیں گی۔ اس کے بعد شناختی کارڈ بنوانے والوں کو ڈی آر او کے دفاتر سے خود رابطہ کرنا ہوگا۔

# احمدیہ ٹیلی ویژن انٹرنیشنل کے پروگرام

## ہفتہ 16 جون 2001ء

| | |
|---|---|
| 12-25 a.m | لقاءمع العرب نمبر 325 |
| 1-30 a.m | دستاویزی پروگرام |
| 2-00 a.m | خطبہ جمعہ (ریکارڈنگ) |
| 3-00 a.m | محترم مجیب الرحمٰن صاحب سے بات چیت |
| 3-55 a.m | مجلس عرفان |
| 5-05 a.m | تلاوت۔خبریں |
| 5-30 a.m | چلڈرنز کارنر |
| 6-00 a.m | خطبہ جمعہ (ریکارڈنگ) |
| 7-15 a.m | لقاءمع العرب نمبر 325 |
| 8-20 a.m | اردو کلاس نمبر 195 |
| 9-25 a.m | کمپیوٹر سب کے لئے |
| 10-00 a.m | مجلس عرفان |
| 11-05 a.m | تلاوت۔درس حدیث۔ خبریں |
| 11-45 a.m | چلڈرنز کلاس نمبر 45 |
| 12-30 p.m | ایم ٹی اے ماریشس |
| 1-25 p.m | دستاویزی پروگرام |
| 1-50 p.m | لقاءمع العرب نمبر 325 |
| 2-50 p.m | اردو کلاس نمبر 195 |
| 4-00 p.m | انڈونیشین سروس |
| 5-05 p.m | تلاوت۔خبریں |
| 5-35 p.m | کمپیوٹر سب کے لئے |
| 6-10 p.m | جرمن ملاقات |
| 7-10 p.m | بنگالی سروس |
| 8-10 p.m | کوئز: انوار العلوم |
| 9-00 p.m | چلڈرنز کلاس |
| 10-00 p.m | جرمن سروس |
| 11-05 p.m | تلاوت۔درس حدیث |
| 11-15 p.m | اردو کلاس نمبر 196 |

## اتوار 17 جون 2001ء

| | |
|---|---|
| 12-30 a.m | لقاءمع العرب نمبر 326 |
| 1-35 a.m | عربی پروگرام: تفسیر کبیر سے چند اقتباسات |
| 2-20 a.m | چلڈرنز کلاس |
| 3-20 a.m | واقفین نو کا پروگرام |
| 3-50 a.m | جرمن ملاقات |
| 5-05 a.m | تلاوت۔خبریں |
| 5-40 a.m | کوئز: خطبات امام |
| 5-50 a.m | لقاءمع العرب نمبر 326 |
| 6-50 a.m | کینیڈین پروگرام |
| 7-55 a.m | اردو کلاس نمبر 196 |
| 9-00 a.m | سیرۃ النبیؐ |
| 9-55 a.m | چلڈرنز کلاس |
| 11-05 a.m | تلاوت۔خبریں |
| 12-00 p.m | کوئز: خطبات امام |
| 12-15 p.m | جرمن ملاقات |
| 1-15 p.m | چائنیز پروگرام |
| 1-30 p.m | لقاءمع العرب نمبر 326 |
| 2-50 p.m | اردو کلاس نمبر 196 |
| 3-50 p.m | انڈونیشین سروس |
| 5-05 p.m | تلاوت۔خبریں |
| 5-40 p.m | چائنیز سیکھئے |
| 6-10 p.m | ینگ لجنہ اور ناصرات سے ملاقات |
| 7-10 p.m | بنگالی سروس |
| 8-15 p.m | خطبہ جمعہ (ریکارڈنگ) |
| 9-25 p.m | چلڈرنز کلاس نمبر 134 |
| 9-55 p.m | جرمن سروس |
| 11-05 p.m | تلاوت |
| 11-15 p.m | اردو کلاس نمبر 197 |


ہر قسم کی بیماریوں کے علاج کے لئے
پروفیسر سعید اللہ خان ایم اے، ہومیو ڈاکٹر
38/1 دارالفضل ربوہ فون 213207

بھائی بھائی گولڈ سمتھ
اقصیٰ روڈ چیمہ مارکیٹ ربوہ
☎ 211158 (گلی کے اندر ہے)

موسم برسات کی آمد آمد ہے گرمی دانوں اور پھنسی پھوڑوں سے بچنے کے لئے صندل کی گولیاں شادابی استعمال کریں۔ خون صاف کرتی ہے چہرہ کی رنگت کو نکھارتی ہے۔ قیمت -/20 روپے
تیار کردہ ناصر دواخانہ رجسٹرڈ گولبازار ربوہ
فون نمبر 212434 فیکس 213966

معلوماتی لٹریچر مفت
290 پرانی ضدی امراض، 45 زنانہ ادویات 22 مردانہ ادویات، 57 روزمرہ گھریلو ادویات 68 پرانی امراض کے لئے کورسز، 7 فسٹ ایڈ سمپلز 50 ادویات حیوانات اور 12 پولٹری ادویات پر مشتمل مفید معلوماتی لٹریچر ہیڈ آفس یا اپنے شہر کے سٹاکسٹ سے مفت حاصل کریں۔ بذریعہ ڈاک منگوانے کے لئے خط تحریر فرمائیں
کیوریٹو میڈیسن کمپنی انٹرنیشنل ربوہ پاکستان

چوہدری اسٹیٹ ایجنسی
10۔ کمیٹی مارکیٹ اقصیٰ روڈ ربوہ
فون دوکان 212508 رہائش 212601

نورتن جیولرز
زیورات کی عمدہ ورائٹی کے ساتھ
ریلوے روڈ نزد یوٹیلیٹی اسٹور ربوہ
فون دکان 213699 گھر 211971

ڈسٹری بیوٹر: ذائقہ بناسپتی و کوکنگ آئل
بلال انٹرپرائزز
سبزی منڈی۔اسلام آباد
آفس ☎051-440892-441767
رہائش ☎051-410090





روزنامہ الفضل رجسٹرڈ نمبر سی پی ایل-61